13500 ـ کیا مقروض شخص پر کسی دوسرے کے خرچ پر حج کرنا واجب ہے

سوال

میں مقروض ہوں، اور میرے دینی بھائی نے اپنے ساتھ حج کی پیشکش کی ہے جس کے اخراجات بھی وہی ادا کریگا، کیا مجھ پر حج فرض ہوتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ سوال شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی سے کیا گیا تو ان کا جواب تھا:

" اگر وہ بھائی آپ کے اخراجات برداشت کرتا ہے کہ اس کے ساتھ جانے سے آپ کو کوئی ضرر اور نقصان نہیں پہنچتا تو اس کے ساتھ حج کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن اس کے ساتھ حج کرنا واجب نہیں.

آپ پر اس کے ساتھ حج کرنا واجب نہیں، یہ ہم اس لیے کہہ رہے ہیں کہ خدشہ ہے کہ کسی وقت وہ آپ کا دینی بھائی نہ رہے یعنی آپ کے مابین اختلاف پیدا ہو جائیں تو وہ آپ پر احسان جتلاتا پھرےگا کہ میں نے آپ کو حج کرایا اور آپ اس کا بدلہ مجھے یہ دے رہے ہیں، اور تم میرے ساتھ یہ سلوک کر رہے ہو.

واللہ اعلم .